وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی اسناد کے معادلہ کا مکمل طریقہ تفصیل کے ساتھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد-------صلی اللہ علیہ وسلم-------صلی اللہ علیہ وسلم---------صلی اللہ علیہ وسلم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

یہ طریقہ جب میں لکھ رہا ہوں اس وقت 2021 کا آخر آخر ہے۔ اس لئے بعد میں اگر وفاق المدارس یا HEC , IBCC والوں نے معادلہ کا طریقہ تبدیل کیا ہو تو پہلے کسی سے معلومات کر کے جائیں۔ لیکن امید ہے۔ پالیسی وغیرہ اتنی جلدی تبدیل نہیں ہوا کرتی اس لئے اس طریقہ کو اپناتے ہوئے کوئی بھی عالم فاضل بذات خود اپنی اسناد کا معادلہ کرا سکتے ہیں۔ اس پوری تحریر کو غور سے ملاحظہ فرمائیں۔ آپ یہ سمجھ لیں کہ معادلہ سند کے معاملہ میں اپنی آپ بیتی بتا رہا ہوں کیونکہ اس سارے عمل کو میں نے بذات خود کیا ہے الحمد للہ۔ اور وہی طریقہ کار آپ کو بتانا چاہتا ہوں تاکہ آپ خود جا کر معادلہ کرائیں اور اپنے پیسے بچائیں، ورنہ کسی ایجنٹ کے ذریعے کرانے کا کافی خرچہ آتا ہے۔

نوٹ: یہ طریقہ صرف اپنی دورہ حدیث کی سند کو ایم اے عربی اسلامیات کے مساوی کرانے کے طریقہ کے بارے میں ہے۔ باقی اگر کسی طالب علم نے سکول بھی پڑھا ہوا ہے اور ساتھ مدرسہ بھی پڑھا ہے نیز مدرسہ میں وفاق کی امتحان میں ممتاز نمبروں سے کامیاب ہوتا رہا ہے تو وہ اپنی ثانیہ اور میٹرک، اور خاصہ اور ایف اے کی سند کا معادلہ کرا کے نمبروں کی فیصد زیادہ کرانا چاہیں تو اس کے لئے طریقہ کسی سے پوچھ لیجئے۔ نیز جن حضرات نے کسی عذر کی وجہ سے اپنی سندیں وفاق سے دوبارہ نکالوائی ہیں (یعنی مثنیٰ اسناد) وہ بھی کسی سے طریقہ پوچھ کر معادلہ کرائیں۔ وہ میری اس تحریر کے مطابق نہ چلیں۔

میں معادلہ کا جو طریقہ یہاں بتانا چاہتا ہوں وہ صرف دورہ حدیث کی سند کو ایم اے عربی اسلامیات کے مساوی کرنے کا ہے تاکہ معادلہ کے بعد ایم اے کی سطح پر نوکری وغیرہ کے لئے اپلائی کر سکیں۔ اس طریقہ میں حاصل کردہ نمبروں کی فیصد بڑھانا یا مثنیٰ اسناد کا معادلہ کرانا وہ طریقہ شامل نہیں ہے۔

طریقہ:

پہلا مرحلہ

سب سے پہلے اپنی اسناد کو وفاق سے تصدیق کرانے کا عمل ہے۔ اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ **عامہ کی سند مع کشف الدرجات، خاصہ کی سند مع کشف الدرجات، عالیہ کی سند مع کشف الدرجات، عالمیہ کی سند مع کشف الدرجات** کو فوٹو سٹیٹ کرا کے دو سیٹ بنالیں،

نوٹ: درجہ خامسہ کی کشف الدرجات اور موقوف علیہ کی الگ سے کشف الدرجات کی ضرورت نہیں۔ (معادلہ میں کشف الدرجات صرف انہی درجات کی ضرورت پڑتی ہیں جن کے ساتھ سندیں بھی جاری کی جاتی ہیں۔ جیسے عامہ، خاصہ، عالیہ دوم، اور دورہ حدیث شریف)

اب وفاق کی ویب سائٹ سے درخواست ڈاون لوڈ کر کے اسے پُر کریں۔ ڈاؤن لوڈ کا طریقہ کار مندرجہ ذیل تصویر میں دیکھ سکتے ہیں۔ وفاق کی ویب سائٹ پر جا کر جیسے ہی آپ اس لکھائی پر کلک کریں گے جو تصویر میں نظر آ رہی ہے تو فارم خود بخود ڈاؤن لوڈ ہو جائے گا ان شاء اللہ۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان
فارم نمبر 1 برائے درستگی ضلع/جزوی تبدیلی نام، ولدیت۔
فارم نمبر 2 برائے مکمل تبدیلی نام امیدوار/مکمل تبدیلی والد کا نام۔
فارم نمبر 3 برائے حصول مثنیٰ اسناد (بصورت گمشدگی)۔
نمونہ رجسٹر داخل/خارج
طریقہ کار معادلہ دینی اسناد
درخواست برائے تصدیق اسناد و کشف الدرجات/حصول این او سی
معادلہ دینی اسناد فارم
متفرق فارمز

اس فارم کو پر کر لینے کے بعد وفاق المدارس کے نام **400** روپے کا منی آرڈر کرائیں۔ اور اس کی رسید اس فارم کے ساتھ لگانی ہے۔ اب آپ نے یہ تمام چیزیں یعنی:

- تمام اصل اسناد مع اصل کشف الدرجات
- چاروں اسناد مع کشف الدرجات کی فوٹو سٹیٹ کے دو سیٹ

- ایک عدد شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی
- درخواست برائے تصدیق اسناد
- منی آرڈر رسید

نوٹ: اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا وفاق کے دفتر خود جائیں تو اس وقت **NOC** بھی بنوالیں، شاید کبھی ضرورت پڑ جائے۔ کیونکہ عین موقع پر وفاق کو ڈاک کرنے میں کافی وقت لگ سکتا ہے اس لئے اگر خود گئے ہوئے ہیں تو اضافی پیسے دے کر این او سی بھی لے لیں تو اچھا ہے۔ (اگرچہ معادلہ میں اس کی ضرورت پیش نہیں آتی)

یہ تمام چیزیں وفاق کو رجسٹری کریں دیں۔ واپسی کا پتہ لازمی لکھیں جس پر وفاق آپ کو تصدیق شدہ اسناد بھیجے گا۔

وفاق آپ کو جو ڈاک بھیجے گا اس میں کچھ چیزیں زائد ہوں گی۔

- **IBCC** کے نام سفید رنگ کا لفافہ جس کو آپ نہیں کھول سکتے۔
- **HEC** کے لئے ایک فارم جس کی پشت پر وفاق کی مہر لگی ہو گی۔
- آپ کا عالمیہ کا تصدیق شدہ رزلٹ

وفاق نے **HEC** والا جو فارم بھیجا ہے آپ وہ فارم پُر کر لیجئے۔

دوسرا مرحلہ:

دوسرا مرحلہ **IBCC** کا ہے۔ آئی بی سی سی میں صرف اور صرف عامہ اور خاصہ کی اسناد کی تصدیق کرانی ہے اسلام آباد کے اندر G-10/4 میں ان کا آفس ہے۔ وہاں جا کر نیچے بیسمنٹ میں فیس اور اسناد جمع کرانی ہے لیکن اس سے پہلے ایک Attestation فارم پُر کرنا ضروری ہے۔ وہ فارم آپ کو اندر جانے سے پہلے ہی باہر موجود کھڑے عملے کے حضرات سے مل جائے گا۔ اس فارم کی تصویر کچھ اس طرح ہے۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN
INTER BOARD COMMITTEE OF CHAIRMEN
Plot # 25, Street # 38, I&T Center, G-10/4, ISLAMABAD
Ph: (051) 111-114-222 Fax (051) 9106361
www.ibcc.edu.pk

APPLICATION FORM FOR ATTESTATION

PARTICULARS OF THE CERTIFICATE HOLDER (IN CAPITAL LETTERS)

Name _____ S/D/O _____

CNIC #

(Mention number of originals and copies)

	SSC	HSSC	Diploma	S Aama	S Khasa	SLC	Other
Original				✓	✓		
Copies							

Fee Paid Rs _____ thru NBP / TCS _____ Station _____

Address _____

Ph # _____ Cell # _____

DECLARATION / AFFIDAVIT

I solemnly declare that the documents attached with the application are

آپ نے چونکہ صرف عامہ و خاصہ کی اوریجنل سند کو تصدیق کرانا ہے تو اس لئے

جہاں تصویر میں اوپر والے خانوں میں نشان لگے ہوئے ہیں آپ بھی انہی خانوں میں گڈ کا نشان لگائیں۔

جب فارم مکمل پر کر لیں تو بیسمنٹ میں چلیں جائیں اور آج کل وہاں انہوں نے فیس جمع کرنے کے لئے TCS کا انتظام کیا ہوا ہے۔ آپ بھی اس **Attestation** فارم کو پر کر کے اس لائن میں لگ کر اپنی باری کا انتظار کریں۔

اپنی باری آنے پر صرف **1650** روپے جمع کرائیں اس سے زائد ہر گز نہ کرائیں۔

نوٹ: یاد رکھیں ٹی سی ایس والا بندہ آپ کو کہے گا کہ **3250** روپے جمع کرائیں کیونکہ چار عدد کاغذات کی تصدیق ہو گی۔ یعنی دو سندیں اور دو اس کی کشف الدرجات۔

تو یہ کل ہوئے چار تو اس لئے چار کی فیس **3250** بنے گی۔ لیکن آپ نے کہنا ہے کہ ہم نے صرف **دو عدد سندوں** کی تصدیق کرانی ہے کشف الدرجات کی نہیں کرانی۔

ہاں اگر آپ نے اس معادلہ کو بیرون ملک کے لئے استعمال کرنا ہے جیسے کہ مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ لینا یا کوئی اور ضرورت تو پھر اس صورت میں واقعی کشف الدرجات کی تصدیق بھی ضروری ہے پھر آپ کو **3250** روپے دے کر ان چاروں کی تصدیق کرانی چاہئے، لیکن اگر آپ صرف پاکستان میں رہتے ہوئے نوکری وغیرہ کے لئے معادلہ کرانے کے ارادے سے آئے ہیں تو پھر کشف الدرجات کو تصدیق کرا کے پیسے ضائع نہ کریں بلکہ صرف عامہ و خاصہ کی اصل اسناد کو ہی تصدیق کروائیں جس کی فیس **1650** لیں گے۔

فیس جمع کرانے کے بعد ٹی سی ایس والے آپ کو دو عدد رسیدیں دیں گے وہ رسید نمبر تسلی کر کے اس فارم پر درج کریں جو **Attestation** فارم شروع میں آپ نے لے کر پُر کیا تھا۔ یہ سب کر لینے کے بعد اپنی عامہ اور خاصہ کی اصل سند، شناختی کارڈ کی ایک عدد فوٹو کاپی، وفاق کا سربمہر لفافہ، اور ٹی سی ایس والی دو رسیدیں لے کر جس کھڑکی میں سندیں جمع ہو رہی ہوں وہاں جمع کرا دیں۔ ایک دن کے بعد اپنی تصدیق شدہ سندیں وصول کر لیں۔ اور اب **HEC** کا مرحلہ شروع کریں۔

تیسرا مرحلہ: (ایچ ای سی کی فیس)

IBCC سے اپنی سندیں وصول کر کے سب سے پہلے ان دونوں کی فوٹو کاپی کرا لیں دونوں طرف سے کیونکہ **HEC** کو وہ بھی ساتھ لگا کر بھیجی جاتی ہیں۔

اب ایچ ای سی کی جو فیس ہے **2000** روپے وہ **HBL** میں جمع کرانی ہے۔ کسی کمپیوٹر والے کو بولیں یا خود موبائل سے وفاق المدارس العربیہ کی ویب سائٹ کھول کر اس میں **ڈاؤن لوڈ فارمز** والے بٹن پر کلک کریں اور وہاں سے **"معادلہ دینی اسناد فارم"** والے لنک پر کلک کر کے فارم ڈاؤن لوڈ کر لیں جیسے کہ مندرجہ ذیل تصویر میں دیکھایا گیا ہے۔


وفاق المدارس العربیہ پاکستان
ڈاؤن لوڈ فارمز
درستگی/گمشدگی اسناد کے قواعد وضوابط
فارم نمبر 1 برائے درستگی ضلع/جزوی تبدیلی نام، ولدیت۔
فارم نمبر 2 برائے مکمل تبدیلی نام امیدوار/مکمل تبدیلی والد کا نام۔
فارم نمبر 3 برائے حصول مثنیٰ اسناد (بصورت گمشدگی)۔
نمونہ رجسٹر داخل/خارج
طریقہ کار معادلہ دینی اسناد
درخواست برائے تصدیق اسناد و کشف الدرجات/حصول این او سی
معادلہ دینی اسناد فارم
متفرق فارمز

اس فارم کو ڈاؤن لوڈ کر کے اس کا جو آخری صفحہ ہے وہ پرنٹ نکال لیں، وہ بینک چالان ہے۔

بینک میں فیس جمع کرانے کے لئے بینک والے شناختی کارڈ کی کاپی لیں گے۔ لہذا اپنے پاس کم از کم تین چار اضافی فوٹو کاپی ضرور رکھیں شناختی کارڈ کی، تاکہ عین موقع پر آپ کے پاس موجود ہوں اور آپ کو باہر نہ جانا پڑے۔

پرنٹ کے ایک ہی صفحہ پر رسید کے چار حصے بنے ہوں گئے۔ جب فیس جمع کریں گے تو جمع ہو جانے کے بعد ان چار حصوں میں سے ایک حصہ بینک والے اپنے پاس رکھ لیں گے اور باقی تین حصے آپ کو دیں گے۔ آپ نے ان تینوں کو دیکھنا ہے جس کے اوپر لکھا ہو گا Applicant Copy وہ حصہ الگ کر کے آپ اپنے پاس ثبوت کے طور پر رکھ لیں۔ باقی دو حصے آپ نے ایچ ای سی کو سینڈ کرنے ہیں اپنی اسناد کے ساتھ۔ رسید کا جو حصہ آپ نے اپنے پاس رکھنا ہے اس کی تصویر اس طرح ہے۔



ApplicantCopy

Challan No: _____

Date: 01-02-2021

Higher Education Commission of Pakistan

Deeni Asnad Equivalence Challan Form

Habib Bank Ltd Booth at HEC

H-9 SRC Branch Islamabad

PLS Account # 1742790013340[illegible]1

Applicant Particular:

CNIC/Passport No (for foreign national only)	
Applicant Name	
Father's Name	

اب آخری مرحلہ تمام کاغذات کو ایچ ای سی کی طرف ٹی سی ایس کرنے کا ہے۔ پہلے ایچ ای سی براۓ راست سندیں وصول کر لیتے تھے لیکن آج کل براۓ راست اسناد وصول نہیں کی جاتی بلکہ ٹی سی ایس کے ذریعے ہی وصول کی جاتی ہیں۔ اس تحریر کے بعد اگر ان کی پالیسی تبدیل ہو جائے تو کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ میں خود ایچ ای سی کے آفس گیا لیکن انہوں نے براۓ راست مجھ سے کاغذات نہیں لئے

چوتھا اور آخری مرحلہ:

آپ نے جو چیزیں ٹی سی ایس کے ذریعے ایچ ای سی کو سینڈ کرنی ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں:

- چاروں اصل اسناد۔
- چاروں اصل کشف الدرجات۔
- IBCC والوں نے آپ کی عامہ اور خاصہ کی اسناد کی جو تصدیق کی ہے ان دونوں تصدیق شدہ سندوں کی ایک ایک فوٹو کاپی دونوں اطراف سے۔

- وفاق المدارس نے آپ کی اسناد اور کشف الدرجات کی جو فوٹو کاپیاں آپ کو تصدیق کر کے دی ہیں وہ۔
- وفاق المدارس سے تصدیق شدہ آپ کے عالمیہ کے سال کا رزلٹ
- ایچ ای سی کے نام درخواست برائے معادلہ دینی اسناد۔(یہ بھی وفاق المدارس والوں نے آپ کو بھیجی ہو گی جس کی پشت پر وفاق کی مہر لگی ہو گی)۔
- اس درخواست پر آپ کی تصویر لگی ہو۔
- شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی
- 2000 روپے بینک چالان کی اصل رسید

یہ تمام چیزیں لے کر آپ ٹی سی ایس آفس چلیں جائیں اور انہیں بتائیں کہ دینی اسناد کی ایکویلینسی کے لئے یہ سب ایچ ای سی کو سینڈ کرنے ہیں۔ باقی کی کاروائی وہ ٹی سی ایس والے خود کریں گے کیونکہ ان کا اور ایچ ای سی کا آپس میں کنٹریکٹ ہے۔

نوٹ: باتقاضہ بشریت مجھ سے بتانے میں غلطی ہو سکتی ہے اس لئے اس طریقہ کو اپناتے ہوئے ساتھ ساتھ کسی اور بندے سے بھی رہنمائی لیں۔

* * * * * * * * * * * * * * * * **ختم شد** * * * * * * * * * * * * * * * *

مدرسہ سافٹ ویئر

دینی مدارس کے ذمہ داران حضرات کے لئے پیش خدمت ہے ایک انتہائی مفید سافٹ ویئر اردو زبان میں

اس سافٹ کا نام ہے **MMS_URDU**

جس کے ذریعے آپ اپنے مدرسے کا ریکارڈ مینج کر سکتے ہیں اور جب چاہیں پرانے سے پرانا ریکارڈ بھی دیکھ سکیں گے ان شاء اللہ۔ مزید تفصیلات , ڈیمو، یا اس سافٹ ویئر کی ویڈوز لنک کے لئے وٹس ایپ رابطہ

کریں۔ مدارس والوں کے لئے مناسب پرائس رکھی گئی ہے تفصیلات کے لئے رابطہ کیجیئے۔

Whatsapp: +92 335 9425180



نظام برائے انتظام مدرسہ
نظام برائے انتظام مدرسہ (ڈیموورژن)
Your LOGO Here
تیاندراج
درجات
طلبہ
متفرق
رپورٹس
یادداشت
خط و کتابت
کتاب
نتائج
درجہ
تنخواہ
حاضری معلمین
معلم
فون ڈائری
حاضری طلبہ
رشتہ دار
طالب علم
آمدنی واخراجات
کھاتہ
مقدار خواندگی
وظیفہ
FEES
فیس